01-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	علم الصرف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة الثانوية الخاصة (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------------

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ ثلاثی مجرد کے ابواب کے صرف نام لکھیں۔

2۔ فعل مجرد کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

3۔ اگر مضارع مضموم العین ہو تو ماضی کے کتنے اوزان ہیں؟ تحریر کریں۔

4۔ ثلاثی مزید فیہ کے وہ ابواب لکھیں جو دو حرف کی زیادتی سے بنتے ہیں؟

5۔ "سَمِعَ" سے "استفعال" اور "شَهِدَ" سے باب "افعال" کی ماضی تحریر کریں۔

6۔ ماضی مفتوح العین اگر اجوف یائی یا ناقص یائی ہو تو کس باب سے آئی گی قاعدہ لکھیں۔

7۔ اعلال کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔

8۔ "اِذَا وَقَعَتِ الْاَلِفُ بَعْدَ ضَمٍّ تُقْلَبُ وَاوًا" ترجمہ کریں۔

9۔ واو اور یاء کو ہمزہ سے بدلنے کے قوانین میں سے ایک قاعدہ مع مثال لکھیں۔

10۔ اعلال بالتسکین سے کیا مراد ہے؟ مثال کے ذریعے وضاحت کریں۔

11۔ میزان الصرف سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

12۔ مثال کی تعریف لکھنے کے بعد اس کا کوئی ایک قاعدہ تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ مضارع کی توکید کب واجب ہے؟ وضاحت کریں۔

2۔ فعل تعجب کے کتنے اور کون سے صیغہ آتے ہیں؟ تحریر کریں۔

3۔ جامد اور مشتق کی تعریفات مع امثلہ لکھیں۔

4۔ اگر ماضی "فاعل" کے وزن پر ہو تو مصدر کس وزن پر آئے گا؟ وضاحت کریں۔

5۔ دو حروف کی زیادتی سے کون کون سے ابواب بنتے ہیں؟ صرف نام لکھیں۔

6۔ "النحو الواضح" کے مصنفیں کے صرف نام لکھیں۔

7۔ "مَصَادِرُ الْاَفْعَالِ الثُّلَاثِيَّةِ كَثِيْرَةٌ لَا تُصْرَفُ اِلَّا بِالسَّمَاعِ" ترجمہ کریں۔

8۔ خماسی اور سداسی افعال کا مصدر کس وزن پر آتا ہے؟ ایک قاعدہ لکھیں۔

9۔ اسماء مشتقات کے صرف نام لکھیں۔

10۔ صفت مشبہ کے کوئی سے تین اوزان تحریر کریں۔

11۔ اسم مفعول بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کریں۔

12۔ غیر ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ مع مثال تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. ثلاثی مزید فیہ کے ابواب کتنے اور کون کون سے ہیں؟ تمام ابواب کے نام تحریر کریں۔ نیز کسی ایک سے صرف صغیر تحریر کریں۔

ii. اعلال کی تعریف کرنے کے بعد واو کو یاء سے بدلنے کے قوانین معہ امثلہ تحریر کریں۔

iii. ابدال کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھنے کے بعد اس کے کوئی سے دو قوانین مع امثلہ تفصیلاً لکھیں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. مصدر کی تعریف لکھنے کے بعد افعال رباعیہ کے مصادر کے اوزان تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. ثلاثی مجرد کے کل کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں؟ کسی ایک سے صرف صغیر تحریر کریں۔

iii. مندرجہ ذیل تینوں قواعد پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔

(الف) تقلب الواو والياء همزة اذا تطرفت احداهما بعد الف زائدة

(ب) تقلب الواو والياء همزة فی اسم فاعل الاجوف الثلاثی الذی وسطه الف

(ج) حذف المد الزائد فی مفرد مؤنث يقلب همزة اذا وقع فی الجمع بعد الف صيغة منتهی الجموع

01-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	علم الصرف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ الثانویۃ الخاصۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):____________

نام طالبعلم:____________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "النحوالواضح" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) قواعد عربیہ (ب) علم المنطق (ج) علم الفقہ (د) اصول فقہ

2۔ "النحوالواضح" کے مصنف ہیں:

(الف) علی الجازم (ب) مصطفی امین (ج) دونوں (د) محمود طحان

3۔ اگر ثلاثی مجرد کی ماضی مفتوح ہو تو اس کا مضارع ہو گا:

(الف) مفتوح العین (ب) مضموم العین (ج) مکسور العین (د) تینوں

4۔ ثلاثی مجرد کے ابواب ہیں:

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

5۔ رباعی مزید فیہ کے کل ابوب ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

6۔ رباعی مزید فیہ کی انواع ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

7۔ اگر ماضی مفتوح العین اجوف واوی یا ناقص واوی ہو تو وہ اس باب سے ہو گی:

(الف) ضرب یضرب (ب) نصر ینصر (ج) فتح یفتح (د) سمع یسمع

8۔ یائے ساکنہ ضمہ کے بعد ہو تو وہ بدل جاتی ہے:

(الف) الف سے (ب) واؤ سے (ج) نہیں بدلتی (د) ھمزہ سے

9۔ "قَالَ" اصل میں تھا:

(الف) قَالَ (ب) قَوَلَ (ج) قَیَلَ (د) قَوِّلَ

10۔ "اَصَابَ" سے اسم فاعل کا صیغہ آتا ہے:

(الف) صَائِبٌ (ب) مُصَابٌ (ج) مُصِیبٌ (د) مَصَابٌ

ورق الٹیے

11۔ اگر عین کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو تو اس کو کہتے ہیں:

(الف) مثال (ب) اجوف (ج) ناقص (د) مہموز

12۔ "لقی" ہفت اقسام میں سے ہے:

(الف) ناقص یائی (ب) ناقص واوی (ج) اجوف یائی (د) اجوف واوی

13۔ امر کی توکید لانا ہے:

(الف) واجب (ب) جائز (ج) ناجائز (د) مستحب

14۔ اسم کی اقسام ہیں:

(الف) جامد (ب) مشتق (ج) مصدر (د) تینوں

15۔ اگر فعل "فَعَّلَ" کے وزن پر ہو تو مصدر آئے گا:

(الف) افعال (ب) تفعیل (ج) مفاعلة (د) فعال

16۔ افعال خماسیہ کے مصادر کے اوزان ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

17۔ "تَكْسِيْرٌ" مصدر سے ماضی ہے:

(الف) كَاسَرَ (ب) كَسَّرَ (ج) أَكْسَرَ (د) تَكَاسَرَ

18۔ "اِنْتَصَرَ" کا مصدر ہے:

(الف) اِنْتِصَارٌ (ب) مَنَاصِرَةٌ (ج) اِنْصَارٌ (د) تَنْصِيْرٌ

19۔ "تَقَدَّمَ" صیغہ ہے:

(الف) ماضی کا (ب) مضارع کا (ج) امر کا (د) نہی کا

20۔ ثلاثی مجرد کی ماضی مکسور العین سے مضارع اتنے وزن پر آتا ہے:

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4